Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۵ | مطبوعہ دو شنبہ بتاریخ ۰ ۲ ربیع الاول ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۴ جولائی ۱۹۳۳ع | نمبر

حصہ دوم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹریان بہادر

۱	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲و۳	۸	احکام اجلاس صاحب کنٹرولر بہادر ہاوس ہولڈ	۹
۲	〃 〃 صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۴و۵	۹	〃 دفتر ناظم صاحب مال شمالی	۱۰
۳	حکم 〃 صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر	۶	۱۰	حکم دفتر ڈپٹی سکریٹری صاحب محافظخانہ سیکشن ۔	〃
۴	〃 〃 صاحب ہاوس ہولڈ منسٹر بہادر	〃	۱۱	〃 〃 صاحب سپرنٹنڈنٹ موٹر گیراج	〃
۵	احکام 〃 صاحب فائینس منسٹر بہادر	〃			
۶	فہرست مقدمات ہائی کورٹ	۶و۷			
۷	احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر	۸		نقشہ نرخنامہ اجناس و نقشہ بارش ریاست رامپور	

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر۔

حکم :- ۱۵ جولائی ۱۹۳۳ء

حسب رپورٹ۔ ڈپٹی سکریٹری صاحب سکیشن معہ تصدیق اکاؤنٹنٹ آفس۔ منشی منظر حسین خاں معاون محافظ دفتر کی رخصت رعایتی ایکماہ از یوم استفادہ۔ بغرض علاج چشم بذمہ داری محمد احمد خاں امیدوار منظور کیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار۔ واقع ۱۶ جولائی ۱۹۳۳ء

تین سال کا نتیجہ امتحان ہائی اسکول ملاحظہ ہوا۔ یہ امر بے حد افسوسناک ہے کہ اس سال کا نتیجہ امتحان بہت خراب رہا ۱۹۳۱ء مین اوسط کامیابی (۷۵) فیصدی تھی ۱۹۳۲ء مین (۶۶) فیصدی رہی۔ امسال مزید ترقی کی بجائے نمایان تنزل ہوا۔ اور اوسط کامیابی صرف (۴۲) فیصدی رہی۔ اسکے متعلق ہیڈ ماسٹر صاحب مفصل رپورٹ پیش کرین۔ ہائی اسکول کلاسز کے اساتذہ طلبہ کی تعلیم مین سعی بلیغ کرین۔ تاکہ سال آیندہ کا نتیجہ اچھا رہے ورنہ جن استادون کے مضامین مین نتیجہ خراب ہوگا اونکے گریڈ کی ترقی روک دیجائیگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔ اور درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم = واقع ۱۶ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بابت منظوری تبادلہ اصغر حسین مدرس مدرسہ گھیر طوفان خان بمدرسہ ریوڑہی تحصیل شاہ آباد۔

حکم

محمد ہاشم مدرس کا نام مدرسہ گھیر طوفان خان مین ہے اور وہ وہین سے تنخواہ پا رہا ہے اوس کو مدرسہ نالہ پار سے مدرسہ گھیر طوفان خان مین واپس کر دیا جائے۔ اب مدرسہ گھیر طوفان خان مین مدرسین کی کافی تعداد ہو گئی۔

اصغر حسین مدرس کا معطلات سے گھیر طوفان خان مین عارضی انتظام ہوا تھا۔ اب اسکی وہان ضرورت نہین ہے۔ مدرسہ ریوڑہی تحصیل شاہ آباد مین تعداد طلبہ زیادہ ہے اور بسلسلہ ترقی جماعت علی الترتیب درجہ ابتدائی الف سے درجہ چہارم تک ہو گیا ہے اور صرف ایک مدرس ہے لہذا حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس اصغر حسین مدرس کا تبادلہ بہ تنخواہ موجودہ مدرسہ گھیر طوفان خان سے بمدرسہ ریوڑہی تحصیل شاہ آباد کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم - واقع ۱۷ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول دربارہ منظوری تقرری اسسٹنٹ مسٹرس خورشید گرلس اسکول۔

حکم

پچھلے سال خورشید گرلس اسکول مین استانیون کا غیر مستقل

۳۰ اپریل تک ہوا تھا۔ اب اسکول کھل گیا ہے۔ استانیون کو حاضر ہونیکی اطلاع دی گئی تھی وہ کام پر حاضر ہوگئیں۔ لہٰذا حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول حسب ذیل مستقل تقرر استانیون کا یکم جولائی سنہ ۱۹۳۳ء سے منظور کیا جاتا ہے تنخواہ وہی ملیگی جو پہلے ملتی تھی۔ بجٹ سال رواں مین یہ استانیان منظور شدہ ہین۔

۱۔ فیروزہ بیگم	اسسٹنٹ مسٹرس۔	[illegible]
۲۔ ثریا جان بیگم	"	[illegible]
۳۔ رادہا دیوی۔	"	[illegible]

حکم ہوا کہ

سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید رعائتی ۱۲ یوم منظر الاسلام فورمین بجلی گھر مشاہرہ دار [illegible] از ۳۰ جون سنہ ۱۹۳۳ء لغایت ۱۱ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء بسلسلۂ رخصت سابقہ بوجہ نقاہت علالت حسب تصدیق صاحب اسسٹنٹ جنرل وسفارش انجنیر صاحب روشنی برقی مصدقہ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات مورخہ ۱۳ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء

حکم

حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر منظر الاسلام ملازم بجلی گھر کی مزید رخصت ۳۰ جون سنہ ۱۹۳۳ء سے ۱۲ یوم کی رعائتی بسلسلۂ سابقہ منظور ہے۔ حسب رپورٹ اسسٹنٹ اکاؤنٹنٹ آفس نامبردہ کو استحقاق رخصت رعائتی حاصل ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم :- ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ ہیڈ مسٹرس صاحبہ خورشید گرلس اسکول دربارہ صدور حکم منظوری تقرر صادق بی بی بمشاہرہ [illegible] ماہوار از تاریخ ۳ ماہ گذشتہ۔

حکم

حسب رپورٹ ہیڈ مسٹرس صاحبہ خورشید گرلس اسکول تقرر صادق بی بی مغلانی بمشاہرہ [illegible] ماہوار تاریخ ۳ ماہ گذشتہ سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

واقع ۱۶ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر صاحب ہوم منسٹر بہادر ظہری تحریر صاحب ملٹری سکریٹری بہادر دربارہ کئے جانے جرمانہ بر خانساماں منظور حسن [illegible] و خانساماں صابر میاں [illegible] حسب ارشاد ہمایون بنجملہ ۱۲ کس

بنشانے حکم سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم

واقع ۱۰ جولائی ۱۹۳۳ء

مثل یادداشت ناظم صاحب حلقہ شمالی بابت منظوری رخصت رعایتی پندرہ یوم مقبول حسین امین نوآبادی باسپور شاہرہ ۱۰ (پندرہ) روپیہ از ۱۹ جون ۳۳ء

حکم

مقبول حسین امین نوآبادی باسپور کی رخصت رعایتی پندرہ یوم بوجہ بیماری ۱۹ جون ۳۳ء سے ۳ جولائی ۳۳ء تک منظور رہے۔ حق رخصت رعایتی حاصل ہے۔ احکام منظوری رخصت حسب ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم

۱۵ جولائی ۳۳ء

مثل رپورٹ فرید الدین خان انسپکٹر گھوڑا کھال شاہرہ چھیالیس روپیہ باستدعائے رخصت اتفاقیہ تین یوم از تاریخ استدعا۔

حکم

انسپکٹر گھوڑا کھال کی تین دن کی رخصت اتفاقیہ منظور ہے۔ کاغذات بخدمت صاحب فارسٹ افسر واپس ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

برائے اجرائے احکام بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب مرسل ہو۔ ۱۵ جولائی ۱۹۳۳ء

دستخط افسر صاحب جنگلات

حکم

واقع ۵ جولائی ۳۳ء

مثل عرضی ناصر شاہ خان باستدعائے ملازمت بسلسلہ شفیع احمد خان سربراہ کار۔

حکم

ناصر شاہ خان کا تقرر محرری سربراہ کاری پر تاریخ [illegible] سے بشاہرہ ۵ روپے منظور ہے۔ ناصر شاہ خان منشی شفیع احمد خان سربراہ کار کے پاس کام کرینگے۔ احکام جاری ہوں۔ نظامت جنوبی کو بھی اطلاع دیجائے۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم

واقع ۶ جولائی ۳۳ء

مثل یادداشت صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بابت تصدیق استحقاق رخصت رعایتی دہ یوم منشی تجمل حسین خان نائب تحصیلدار ٹانڈہ شاہرہ ۵۰ پچاس روپیہ از ۲ جولائی ۳۳ء

حکم

تجمل حسین خان نائب تحصیلدار ٹانڈہ کی رخصت رعایتی ۱۱ یوم بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ بیماری منظور رہے۔ رخصت ان کو حاصل ہے۔ احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم

واقع ۶ جولائی ۳۳ء

مثل تحریر صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات بابت منظوری رخصت یکماہ از یکم جولائی ۳۳ء بوضع تنخواہ [illegible] مستری تنخواہدار پچاس روپیہ

حکم رخصت منظور کیجاتی ہے تنخواہ وضع ہوگی۔ بمثل صدر احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم
واقع ۱۵ جولائی ۱۹۳۳ء

ثبت یادداشت انجینئر صاحب پبلک ورکس بابت جرمانہ دو روپیہ بر محمد شاہجہان خان فرش ماہر دو ازتنخواہ بوجہ غیر حاضری و سخت کلامی از سر رشتہ ورکس۔ مرسلہ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات۔

حکم
حسب تحریر صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات۔ محمد شاہجہان خان فرش پر بوجہ بد زبانی و تساہل بکار سرکار مبلغ دو روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے۔ آئندہ شکایت آئی تو حکم مناسب صادر ہوگا۔ برائے اجرائے احکام سررشتہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر۔

حکم
واقع ۱۷ جولائی ۱۹۳۳ء

ثبت یادداشت صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بابتہ تصدیق استحقاق مزید رخصت رعایتی ایک ماہ مراری لال اکاؤنٹنٹ صیغہ مال مشاہرہ یاب ۵۵ تیس روپیہ از ۲۷ جون ۱۹۳۳ء۔

حکم
مراری لال اکاؤنٹنٹ مال کی مزید رخصت ایک ماہ رعایتی بانضمام سابقہ منظور ہے احکام ضابطہ صدر سے جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم
واقع ۱۵ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار بابتہ منظوری رخصت سات (۷) یوم محمد حسین خان گرداور مشاہرہ یاب بیس روپیہ از ۷ جون ۱۹۳۳ء۔

حکم
محمد حسین خان گرداور قانونگوئی متعینہ تحصیل سوار حال کی رخصت ۷ یوم ۷ لغایتہ ۱۳ جون ۱۹۳۳ء بوضع تنخواہ منظور ہے کیونکہ رعایتی رخصت کا حق نہیں ہے۔ احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم
واقع ۱۹ جولائی ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب جائداد کلکتہ دربارہ بھوم بابو توفی چند رموہن کلرجی کارندہ جائداد بیرم (؟) مشاہرہ یاب بیس روپیہ از ۲۵ جولائی ۱۹۳۳ء بوجہ خرابی کام نا بردہ و تقرر بجائیش سوہن (؟) خدا لال

حکم
بموجب رپورٹ تحصیلدار صاحب جائداد کلکتہ دربارہ بھوم چند رموہن کلرجی موجودہ کارندہ جائداد بیرم (؟) مشاہرہ یاب بیس روپیہ ماہوار کو ۲۵ جولائی ۱۹۳۳ء سے برخاست کیا جاتا ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں اور ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر کو لکھا جاوے کہ بعد اجرا دیہ کاغذات واپس دفتر ہذا کئے جائیں۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

۱۶ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء

ڈرننگ سکول میں ہنوز سکنڈ ماسٹر کوئی نہیں ہے وہاں طلبار کی تعلیم میں حرج ہو رہا ہے اندیشہ ہے کہ آخر سال پر تعلیم ناقص رہ جائے۔ لہذا اختر حسین خاں سب انسپکٹر امور اسپیشل ڈیوٹی نزد صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کو بحیثیت سکنڈ ماسٹر بتنخواہ موجودہ پولیس ڈرننگ سکول میں تبدیل کیا جائے۔ اور فضل الدین خاں سب انسپکٹر دوم کوتوالی سے برائے اسپیشل ڈیوٹی صاحب ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس تعینات کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام جاری ہوں۔ اور اصل ہذا بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر

۹ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء

بنظر مناسب حکم ہوا کہ

سید عرفان علی عرف منا میاں کلرک دفتر صاحب سکریٹری بہادر توشہ خانہ وغیرہ کو ملازمت سے علیحدہ کیا جائے۔ صاحب سکریٹری بہادر توشہ خانہ اس جگہ کے انتظام کے متعلق رپورٹ کریں سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۶ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب فائنانس منسٹر بہادر

۱۰ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء

مثل یادداشت صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بابت منظوری رخصت اتفاقیہ ایکیوم (۱۵ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء) مطلوبہ عبد الکبیر خاں سپرنٹنڈنٹ اکاؤنٹ آفس مشاہرہ دار ؏ ﷲ بوجہ علالت خود بذمہ داری سپرنٹنڈنٹ مذکور

حکم

رخصت اتفاقیہ ایکیوم مطلوبہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب فائنانس منسٹر بہادر

حکم۔

واقع ۱۴ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء

مثل عرضی سید تمیز علی انگلش کلرک اجلاس صاحب فائنانشل منسٹر بہادر مشاہرہ دار بیس روپیہ درخواست رخصت اتفاقیہ دو یوم ۱۰ و ۱۱ جولائی بوجہ خوفی دختر خود مع رپورٹ سید بدر الدین ناظر اجلاس صاحب ممدوح مشعر تصدیق استحقاق رخصت رخصت خواہ و ذمہ داری کار وعبد الرحمن خاں اہلمد اجلاس مذکور علاوہ کاغذات گذرگی بایام رخصت سائل (حکم۔) رخصت اتفاقیہ دو یوم مطلوبہ بذمہ داری سید بدر الدین وعبد الرحمن خاں منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط صاحب فائنانشل منسٹر بہادر۔

حکم

واقع ۱۷ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء

مثل یادداشت صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل دربارہ منظوری رخصت مزید اتفاقیہ ایک یوم (۱۶ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء) مستدعیہ منشی عبد الکبیر خاں سپرنٹنڈنٹ اکاؤنٹ آفس مشاہرہ دار ستر روپیہ بسلسلہ سابق بوجہ تمادی علالت (حکم) مزید رخصت اتفاقیہ ایک یوم منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط صاحب فائنانس منسٹر بہادر

فہرست پیشی مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور مورخہ ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء

برائے اندراج گزٹ فہرست پیشی مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ من ابتدا ۱۴ جولائی لغایت ۲۰ جولائی سنہ ۱۹۳۳ء مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔

دستخط مسٹر ارشاد اللہ خان صاحب بہادر اکٹنگ چیف جسٹس

تاریخ پیشی	نمبر	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
[illegible]	۱	•	•	•	
۱۵ جولائی	۱	مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب	حشمت علیخان بنام پیارے لال	اپیل دیوانی زیر دفعہ [illegible]	اپیل خارج ہوا
”	”	مسٹر ارشاد اللہ خان صاحب بہادر اکٹنگ چیف جسٹس	گنگا پرشاد - بنام رام سروپ	اپیل دیوانی دخلیابی آراضی	برائے سماعت ۲۲ جولائی سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	”	میان جانخان بنام سرکار [illegible]	اپیل فوجداری نسبت اجازت آتشزنی دفعہ ۴۳۶	زیر تجویز
”	”	مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب	مسٹر [illegible] بنام پیلوا وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۰۹	ثبوت پیش کرنے کیواسطے ۱۵ اگست سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	مسٹر ارشاد اللہ خان صاحب بہادر اکٹنگ چیف جسٹس	اودیرام - بنام چھوٹے لال	نگرانی فوجداری دفعہ ۱۰۴/۱۴۵ ضابطہ فوجداری	زیر تجویز
[illegible]	[illegible]	”	کندن بائی بنام عطار اللہ خان	اپیل دیوانی دعویٰ تقسیم سہام	برائے سماعت ۲۵ جولائی سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	”	چھلی وغیرہ بنام لکی وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۹ [illegible]	زیر تجویز
”	”	مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	رادھے رمن - بنام میان جانخان	ابتدائی دیوانی دعویٰ استقرار حق	برائے وضع تنقیح ۲۲ جولائی سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب	مصطفیٰ حسین وغیرہ بنام امجد علیخان	اپیل دیوانی دعویٰ زر [illegible]	برائے سماعت ۲۴ جولائی سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب و مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	سوہن لال وغیرہ بنام رانی کشور وغیرہ	اپیل دیوانی نسبت تقرر ریسیور	اپیل منظور ہوا اور حکم عدالت ابتدائی مین ترمیم کیگئی
[illegible]	[illegible]	مسٹر ارشاد اللہ خان صاحب بہادر اکٹنگ چیف جسٹس	محمدی بیگم - بنام محمود -	اپیل دیوانی دعوے دین مہر	برائے سماعت ۲۰ جولائی سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	”	سیتا کنور بنام رنجیت سنگھ وغیرہ	اپیل دیوانی دعویٰ استقرار حق	برائے سماعت ۲۰ جولائی سنہ حال مقرر ہوئی

[illegible] جولائی	پیر	مسٹر ارشاد اللہ خانصاحب بہادر اکٹنگ چیف جسٹس	میاں جان خان بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری اجازت نسبت ناکشی دفعہ ۲۰۹ ت	اپیل نامنظور ہوا
"	"	"	اودے رام بنام چھوٹے لال وغیرہ	نگرانی فوجداری زیر دفعہ ۴۳۵ ضابطہ فوجداری	منسوخی تجویز عدالت ماتحت مثل برائے تحقیقات و تجویز جدید واپس
[illegible] جولائی	منگل	مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	مرلی منوہر بنام رونا دیوی	اپیل دیوانی دعوی النالہ	برائے سماعت و اگست سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر ارشاد اللہ خانصاحب بہادر اکٹنگ چیف جسٹس	طلیلی وغیرہ بنام للی وغیرہ	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۹۰ ت	نگرانی نامنظور ہوئی
[illegible] جولائی	چہارشنبہ	مسٹر جسٹس محمود شاہ خان صاحب بہادر	انندی پرشاد بنام چاندبہاری لال	نگرانی دیوانی دعوی [illegible]	زیر تجویز
"	"	مسٹر ارشاد اللہ خان صاحب بہادر اکٹنگ چیف جسٹس	صوبہ دار سنگھ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۴۱۲ ت	زیر تجویز
"	"	"	عبدالکریم وغیرہ بنام نشا وغیرہ	درخواست انتقال مقدمہ جرم دفعہ ۴۴۸ و ۳۲۳ و ۵۰۴ ت	عدالت منصفی مجسٹریٹی حلقہ شمالی کو مقدمہ منتقل کیا گیا۔
[illegible] جولائی	پنجشنبہ	مسٹر جسٹس محمود شاہ خانصاحب بہادر	سید غضنفر علی بنام امجد علی خان	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۴۰۸ ت	برائے سماعت ۲۲ جولائی سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر ارشاد اللہ خان صاحب بہادر اکٹنگ چیف جسٹس	سرکار بہادر بنام لیاقت حسین	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۷۶ ت	زیر پیشی
"	"	"	محمدی بیگم بنام میمونہ وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی دین مہر	زیر پیشی
"	"	مسٹر ارشاد الحسن خان صاحب بہادر اکٹنگ چیف جسٹس و مسٹر جسٹس عبدالعزیز خانصاحب انصاری	سیتا کنور بنام رنجیت سنگھ وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی استقرار حق	زیر پیشی
"	"	مسٹر ارشاد اللہ خان صاحب بہادر اکٹنگ چیف جسٹس	نیاز علی بنام ہیرالال	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۴۰۶/۴۲۰ ت	زیر پیشی
"	"	"	ہیرالال بنام نیاز علی	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۱۸۲/۲۱۱ ت باستدعائے ایزادی سزا	زیر پیشی

دستخط اکٹنگ چیف جسٹس صاحب بہادر

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہا

۱۶ جولائی ۱۹۳۳ء

مثل یادداشت اکزیکٹیو انجینیر صاحب انہار بابتہ تنسیخ رخصت بقیہ ۷ ایوم رنگی لال امین نہر تحصیل ٹانڈہ منجملہ رخصت ۱۵ ایوم منظور شدہ بعوض ابراہیم خاں از یکم جون ۱۹۳۳ء۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب اکزیکٹیو انجینیر انہار بقیہ رخصت منسوخ کیجائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہا

حکم

۲۰ جولائی ۱۹۳۳ء

مثل رپورٹ ڈائرکٹر صاحب زراعت بابتہ منظوری رخصت رعایتی چند یوم سید جعفر علی نائب رجسٹرار قانون گوئی تحصیل ملک شاہرہ بابت اشارہ روپیہ از ۵ جولائی ۱۹۳۳ء

حکم

حسب رپورٹ ڈائرکٹر صاحب سید جعفر علی نائب رجسٹرار کی رخصت رعایتی چند یوم منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

حکم اجلاس صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ

۱۳ جولائی ۱۹۳۳ء

مثل تحریر مہتمم صاحب خاصہ طری درخواست و نقشہ رخصت رعایتی ۷ یوم ممتاز احمد خاں تحویلدار باورچیخانہ ہندوستانی خاصہ مشاہرہ دار ۲۰ روپیہ ماہوار از ۳ لغایتہ ۱۰ جولائی سنہ حال بغرض شرکت عرس پیران کلیر شریف بذمہ داری سید ابوالحسن تحویلدار رسالان مع تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل مشعر عدم استحقاق رخصت رعایتی۔

حکم

رخصت ۷ یوم بوضع تنخواہ منظور ہے۔ استحقاق رخصت رعایتی باقی نہیں ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ

روبکار اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

۲۱ جولائی ۱۹۳۳ء

حسب الایمائے ہمایون مسمی ابوالحسن جمعدار شاگرد پیشہ مشاہرہ دار چالیس روپیہ ماہوار کو تاریخ امروزہ سے موقوف کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ واپسی وردی و دیگر سامان سرکاری کے متعلق سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی کو بذریعہ تحریر جداگانہ اطلاع دیدی گئی ہے۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

احکام دفتر ناظم صاحب شمالی

۱۷ جولائی ۱۹۳۳ء

مثل تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بابت تصدیق استحقاق رخصت رعایتی مزید ۱۵ یوم مقبول حسین امین نو آبادی مشاہرہ یاب ؏ از ۴ جولائی ۱۹۳۳ء

حکم

مقبول حسین امین نو آبادی تنخواہ یاب ؏ ماہوار کی رخصت مزید پندرہ یوم من ابتدائے ۴ جولائی ۱۹۳۳ء بسلسلہ انتظام سابقہ منظور کیجاتی ہے صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل کی تحریر نسبت استحقاق رخصت شامل ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ناظم صاحب شمالی

حکم:-

۱۷ جولائی ۱۹۳۳ء

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار بابت منظوری رخصت مزید ایکماہ روشن لال پیڈ اپرنٹس از ۲۷ جون ۱۹۳۳ء بعوض سابق بھگوتی پرشاد۔

حکم

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار روشن لال پیڈ اپرنٹس کی رخصت ایکماہ بسلسلہ سابقہ ۲۷ جون لغایت ۲۶ جولائی ۱۹۳۳ء بعوض بھگوتی پرشاد منظور کیجاتی ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ناظم صاحب شمالی

حکم دفتر صاحب ڈپٹی سکریٹری محافظخانہ سیکشن ۲

۱۰ جولائی ۱۹۳۳ء

مثل عرضی محمد شکور خاں محرر تہذیب محافظخانہ دیوانی سیکشن متضمن درخواست رخصت اتفاقیہ ۳ یوم از ۱۵ لغایت ۱۷ جولائی ۱۹۳۳ء بوجہ علالت خود و رپورٹ محافظ دفتر سیکشن نمبر ۲ جس میں خلاصہ کر سائل کا کام اس قسم کا ہے کہ میں کسی دوسرے شخص کو دیا نہیں جاتا کام سائل ۳ یوم تک بوجہ علالت اتفاقیہ ملتوی رہ سکتا ہے۔

حکم

منشی محمد شکور خاں کی رخصتیں بہت زیادہ ہوگئی ہیں۔ آئندہ کیلئے ہدایت کردیجائے۔ فی الحال ۳ روز کی رخصت اتفاقیہ منظور کیجاتی ہے۔ صدر سے احکام جاری ہوں۔

دستخط صاحب ڈپٹی سکریٹری محافظخانہ سیکشن ۲

حکم دفتر صاحب سپرنٹنڈنٹ موٹر گیراج

واقع ۱۵ جولائی ۱۹۳۳ء

بجٹ سال حال موٹر گیراج میں دفتر کیواسطے ایک کلرک دس روپیہ ؏ ماہوار کا منظور فرمایا گیا ہے لہذا عارف اللہ خان ولد غنیمت اللہ خان کو بمشاہرہ دس روپیہ ؏ ماہوار از یکم جولائی ۱۹۳۳ء تین ماہ کیواسطے عارضی کلرک مقرر کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری کئے جائیں۔

دستخط صاحب سپرنٹنڈنٹ موٹر گیراج

نقشہ اجناس ریاست رامپور ۔ بابت ہفتہ سوم ماہ جولائی ۱۹۳۳ء ۔

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰/۱۱/–	۱۱/–	۱۲/۱۳/–	۱۳/–	۱۲/۱۳/–	۱۳/–	
نخود خالص	۱۵/–	۱۵/–	۱۶/–	۱۷/–	۱۳/–	۱۶/–	
نخود گندم آمیز	۱۶/–	۱۵/–	۱۷/–	۱۸/–	۱۳/–	۱۷/–	
مکئی	۱۰/–	۱۶/–	۱۸/–	۱۹/–	۲۲/–	۱۹/–	
ماش	۱۲/–	۱۳/–	۱۲/–	۱۱/–	۱۱/–	۱۲/–	
مونگ	۱۲/–	•	۱۲/–			۱۱/–	
کنگا	۱۹/–	•	۱۹/–		•	•	
جئی	۳۱/–	•	۳۱/–	•	۳۰/–	۲۲/–	
گوجئی	•	•	•		۱۹/–	۱۹/–	
مسور	۱۵/–	۱۵/–	۱۶/–	•	۱۴/–	۱۶/–	
ارہر	۱۱/–	۱۰/–	[illegible]	•	۱۲/–	۱۲/–	
برنج	۹/–	۷/–	۷/–	۷/–	[illegible]	۹/–	
روغن زرد	۲ چھٹانک	۳ چھٹانک	۳ چھٹانک	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	۳/–	۳/–	۳/–	۳/–	۳/–	۳/–	
روغن کنجد	۳/–	۳/–	۳/–	۳/–	۳/–	۳/–	
نمک سانبھر	۹/–	۹/–	۸/–	۹/–	۱۰/–	۹/–	
نمک لاہوری	۵/–	۸/–	۷/–	۵/–	•	۶/–	
قند سیاہ	۱۱/–	۹/–	۱۱/–	۹/–	۱۰/–	۱۲/–	
باجرہ	•	•	•	•	•	•	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائی ۱۳ لغایت ۱۹ جولائی ۱۹۳۳ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد جو	میزان	تعداد جو	میزان	تعداد جو	میزان	تعداد جو	میزان	تعداد جو	میزان	تعداد جو	میزان
۱۳ جولائی ۱۹۳۳ء یوم	۰	۲۲۴	۲½	۲۱۱	۱۲	۲۳۴	۰	۱۸۵	۰	۲۰۱	۲۵	۲۱۷
۱۴ جولائی ۳۳ء یوم	۰	۲۲۴	نقشہ نہیں آیا		۰	۲۳۴	۰	۱۸۵	۰	۲۰۱	۱	۲۱۸
۱۵ جولائی ۱۹۳۳ء یوم	۱۰	۲۳۴	ایضاً		۰	۲۳۴	نقشہ نہیں آیا		۰	۲۰۱	۰	۲۱۸
۱۶ جولائی ۱۹۳۳ء یوم	۰	۲۳۴	ایضاً		نقشہ نہیں آیا		ایضاً		۰	۲۰۱	۰	۲۱۸
۱۷ جولائی ۳۳ء یوم	۳	۲۳۷	ایضاً		ایضاً		ایضاً		۰	۲۰۱	۰	۲۱۸
۱۸ جولائی ۱۹۳۳ء یوم	۰	۲۳۷	ایضاً		ایضاً		ایضاً		نقشہ نہیں آیا		نقشہ نہیں آیا	
۱۹ جولائی ۱۹۳۳ء یوم	۰	۲۳۷	ایضاً		ایضاً		ایضاً		ایضاً		ایضاً	